LIBRARY

32117

Reg. No. | | | | | | | |

I Semester B.A. Degree Examination, August- 2021

URDU

Prose, Poetry & Non- Detail

(CBCS Scheme Freshers 2020-21 & On Wards)

Paper Language -I

Time : 3 Hours **Max. Marks : 70**

Instructions to Candidates:

1. **Answer all the questions.**
2. **Marks allotted against each question.**

I. صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔ **(10 × 1 = 10)**

BMSCW LIBRARY

۱۔ دلی اور یورپ میں جو بولی بولی جاتی تھی اس کو ________ کہا جاتا ہے۔

(برج بھاشا۔پنجابی۔کھڑی بولی)

۲۔ دو آدمی قید ہیں، ان ________ کی سی صورت ہو رہی ہے۔

(مجنوں۔دیوانوں۔پاگلوں)

۳۔ برس کی آخیر رات کو ایک ________ اپنے اندھیرے گھر میں اکیلا بیٹھا تھا۔

(لڑکا۔جوان۔بڈّھا)

۴۔ ریل منتری تو وہ ہوتا ہے جو ہمیشہ ________ سے سفر کرتا ہے۔

(بیل گاڑی۔ہوائی جہاز۔بس)

۵۔ معراج الدین ٹیلر ماسٹر کی دوکان پر بہت سے عمدہ عمدہ ________ آویزاں ہوتے ہیں۔

(پتلون۔سوٹ۔شرٹ)

P.T.O.

LIBRARY

۶۔ آدمی نامہ نظیر اکبرآبادی کی لکھی ہوئی نظم ہے۔ (صحیح رغلط)

۷۔ ''گزرے زمانے کی یاد'' پریم چند کا لکھا ہوا افسانہ ہے۔ (صحیح رغلط)

۸۔ میر تقی میر کو اردو شاعری میں خدائے سخن کا مقام حاصل ہے۔ (صحیح رغلط)

۹۔ ڈراما ''محل سرا'' تین ابواب پر مشتمل ہے۔ (صحیح رغلط)

۱۰۔ نواب صاحب مستقل مزاج اور ایماندار جاگیردار ہیں۔ (صحیح رغلط)

II. کسی دو کے تفصیلی جواب لکھیے۔ (2 × 8 = 16)

۱۔ اردو زبان و ادب کے آغاز سے متعلق سید احتشام حسین کے خیالات کا جائزہ لیجیے۔

۲۔ وزیر کو قید سے رہائی دلانے کے لئے وزیر زادی نے کیا منصوبہ بنایا؟

۳۔ سکریٹری اور منتری جی کس طرح ریل میں سوار ہوئے؟

BMSCW LIBRARY

III. کسی تین کے مختصر جواب لکھیے۔ (3 ×3 = 9)

۱۔ بڈھا اپنی گزری زندگی کو ڈراؤنی رات سے کیوں تعبیر کر رہا ہے؟

۲۔ وزیر زادی نے جوہری دکان کے آس پاس کیا منظر دیکھا؟

۳۔ اردو زبان کے بننے میں مسلمانوں کی آمد کا عمل دخل کتنا رہا؟

۴۔ شاعر اللہ رب العزّت سے ناامید کیوں نہیں ہے؟

۵۔ شاعر کیوں اپنے دل کو اجڑے مکان سے تعبیر کر رہا ہے؟

IV. بحوالہ متن کسی تین کی وضاحت رتشریح کیجیے۔ (3 × 2 = 6)

۱۔ ''جس کو ہم شعر و ادب کہتے ہیں اسکا سلسلہ دکنی ہندوستان میں شروع ہوا''

۲۔ ''آپ کی جدائی سے امید زندگی کی نظر نہیں آتی''

۳۔ ''جب کہ اس کو کسی چیز کا غم اور کسی بات کی فکر دل میں نہ تھی''

LIBRARY

۴۔ "بھیس بدلنا تو صرف منتریوں کا کام ہے"

۵۔ نعمت جو کھا رہا ہے سو ہے وہ بھی آدمی
ٹکڑے جو مانگتا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

V. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔ (1 × 6 = 6)

۱۔ آدمی نامہ

۲۔ مناجات

۳۔ گزرے زمانے کی یاد

VI. کسی تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ (3 × 3 = 9)

BMSCW LIBRARY

۱۔ کوچہ ٔ یار عین کاسی ہے
جوگئی دل وہاں کا باسی ہے

۲۔ یگانہ ہے تو آہ بے گانگی میں
کوئی دوسرا اور ایسا نہ دیکھا

۳۔ چشم دل کھول، اس بھی عالم پر
یاں کی اوقات خواب کی سی ہے

۴۔ غرض کفر سے کچھ نہ دیں سے ہے مطلب
تماشائے دیر و حرم دیکھتے ہیں

۵۔ ہنستے جو دیکھتے ہیں کسی سے کسی کو ہم
منھ دیکھ دیکھ روتے ہیں کس بے کسی سے ہم

P.T.O.

LIBRARY

T

0113670

32117

VII. (الف) کسی دو کے جواب لکھیے۔ (2 × 4 = 8)

۱۔ شاہانہ اور ریحانہ کس طرح جاگیردارانہ نظام کی خودغرضیوں کا شکار ہیں۔

۲۔ منظور کی کمزوریوں پر اپنے خیالات قلم بند کیجیے۔

۳۔ سلیم کی ریحانہ سے ہمدردی اور صلاح کا کیا انجام ہوا۔

(ب) کسی دو کے جواب لکھیے۔ (2 × 3 = 6)

۱۔ شاہانہ بیگم کس طرح اپنے غم کو برداشت کرتی ہیں۔

۲۔ منظور کو نواب صاحب سے کیوں شکایت ہے۔

۳۔ کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔

i. اسٹیج کی لوازمات

ii. نواب صاحب

iii. خادم

BMSCW LIBRARY